LAJNA IMA'ILLAH USA

# جلسہ بلیٹن 2025

75 جلسہ سالانہ
جولائی 4 - 6


75TH

JALSA SALANA USA
جلسہ سالانہ
LOVE FOR ALL HATRED FOR NONE

گریٹر ریچمنڈ کانفرنس سنٹر

# جلسہ کے مقاصد

**حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے جلسہ سالانہ کے چار اہم مقاصد بیان فرمائے جو درج ذیل ہیں:**



۱ اللہ تعالیٰ سے اپنا ذاتی تعلق بڑھانا

۲ فوت شدگان کیلئے دعائے مغفرت کرنا

۳ نو احمدیوں سے ملاقات کرنا اور باہمی بھائی چارے کو فروغ دینا

۴ علم کا حصول اور فروغ


اشتہار 7 دسمبر 1892، مجموعہ اشتہارات،
جلد اول ۔ صفحہ نمبر 340

# اس شمارے میں


- جلسہ سالانہ کا مقصد
- مہمانوں اور کارکنات کیلئے ہدایات
- صدر صاحبہ کا پیغام
- جلسہ گاہ کا نقشہ
- حاضری نگرانی
- سفر سے پہلے ٹرانسپورٹیشن (ذرائع آمد و رفت)
- ضیافت
- جلسہ پروگرام
- بوتھ کے بارے میں معلومات


**مزید معلومات کیلئے براہ کرم جلسہ دفتر سے درج ذیل ای میل پر رابطہ کریں**
**lajna.daftar@jalsasalana.us**

# مہمانوں اور کارکنات کے لئے کچھ ہدایات



حضرت خلیفة المسیح الخامس ایّدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف سے ہدایات

”اگر جلسہ کی برکات اور فیض کاصحیح اِدراک ایک احمدی کو ہو جائے اور اُس کے حصول کی کوشش بھی کرے اور پھر ہر سال جلسہ میں شامل ہونے کی وجہ سے ان برکات اور پاک تبدیلیوں کو جمع کرتا چلا جائے تو ہر سال تقویٰ میں ترقی کی نئی منزلیں ہم ہر احمدی میں دیکھیں گے اور ترقی کی یہ منزلیں ہیں جو ہمیں اُس مقام تک پہنچائیں گی جہاں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوة والسلام ہمیں دیکھنا چاہتے ہیں۔“

(خطبہ جمعہ 29 جون، 2012)

۱ ذکرِ الٰہی میں اپنا وقت گذاریں

۲ خطبہ اور جلسہ کی کاروائی خاموشی سے سنیں۔

۳ ایک دوسرے کے ساتھ باہمی احترام کا سلوک کریں۔

۴ جلسہ کی کاروائی کے دوران سیل فون بند رکھیں۔

۵ ڈیوٹی والی کارکنات کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

۶ تحمل کا مظاہرہ کریں۔

۷ مہمانوں کے ساتھ انتہائی شائستگی کے ساتھ پیش آئیں۔

۸ ٹیم کی انچارج کو بہت عاجزی اور انکساری کے ساتھ کام کرنا چاہیئے اور مثالی نمونہ دیکھانا چاہیئۓ

۹ میزبانی کا اعلیٰ ترین نمونہ پیش کریں۔

# صدر لجنہ اماء اللہ یو ایس اے کا پیغام

اسلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

پیاری لجنات اور ناصرات

ہمارا جلسہ سالانی دوبارہ گریٹر رچمنڈ کانفرنس سنٹر میں منعقد ہو رہا ہے۔ جلسہ کی ٹیمیں پوری تندہی سے جلسہ گاہ کو ہمارے ضروریات اور آرام کے مطابق بنانے کی کوشش کر رہی ہیں۔ آپ سے تحمل اور تعاون کی ضرورت ہے۔
جلسہ سالانہ 2025 ایک خاص سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے یعنی یہ ہمارا پچھترواں جلسہ سالانہ ہے۔ الحمد للہ!اگر
،انٹرنیٹ پر 75 نمبر کی اہمیت کو تلاش میں ڈالا جائے تو درج ذیل معلومات نکلتی ہے
علم الاعداد کے مطابق: 75 عدد کے اعداد کو علیحدہ علیحدہ دیکھا جائے تو 7 نمبر روحانی ترقی اور اعلیٰ علوم کی طرف اشارہ کرتا ہے، جبکہ 5 نمبر سے مراد تبدیلی، مہم اور آزادی مراد لی جاتی ہے۔ دونوں عدد مل کر ایک ایسا باہم آہنگ جوش و جذبہ پیدا کرتے ہیں جو ہمیں اپنی ذاتی قوت کو ابھارنے اور ذاتی روحانی ترقی کی طرف اکساتا ہے۔
یہ مفہوم عین ان فوائد پر چسپاں ہوتا ہے جو ہم اس روحانی جلسے سے حاصل کرتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی رہنمائی کے تحت 1891 میں جلسہ سالانہ شروع کیا اور اعلان فرمایا کہ آئندہ یہ باقاعدہ ہر سال ہو گا۔حضرت ،مسیح موعودؑ نے جلسہ سالانہ کے بعض مقاصد اور برکات پر روشنی ڈالتے ہوئے جلسہ سالانہ کو اس طرح بیان کیا

حتی الوسع تمام دوستوں کو محض للہ ربانی باتوں کے سننے کیلئے اور دعا میں شریک ہونے کیلئے اس تاریخ پر آجانا چاہیئے۔

۔اس جلسہ میں ایسے حقائق اور معارف کے سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرف کو ترقی دینے کیلئے ضروری ہیں۔

ہر یک نئے سال میں جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں داخل ہوں گے وہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہو کر اپنے پہلے بھائیوں کے منہ دیکھ لیں گے اور روشناسی ہو کر آپس میں رشتہ تودد و تعارف ترقی پذیر ہوتا رہے گا۔

اور جو بھائی اس عرصہ میں سرائے فانی سے انتقال کر جائے گا اس جلسہ میں اس کیلئے دعائے مغفرت کی جائے گی۔

جلسہ سالانہ کے موقعہ پر ہونے والی تقریروں کا مقصد حاضرین کے علم میں اضافہ کرنا ہے۔ حاضرین کو غور سے ان کو سننا چاہیئے اور اہم نکات کو یاد رکھنا چاہیے۔

اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلاء کلمہ اسلام پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہےاور اس کیلئے قومیں طیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی۔


ایک مخلص احمدی ہونے کی حیثیت سے ہم اپنی اصلاح کی کوشش ہر ایسے موقعے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے کرتے ہیں جو ہماری تبدیلی کو جلا دینے والی ہو۔براہ کرم اس موقعہ پر جلسہ میں شمولیت کی ہر ممکن کوشش کریں خواہ صرف شامل ہو رہی ہوں یا والنٹیئر کر رہی ہوں۔ یا پھر جو جلسہ میں شامل نہ ہوسکیں تو جلسہ، اس کے حاضرین، خلافت اور انسانیت کیلئے دعائیں کر کے شمولیت اختیار کریں۔

والسلام اور جلسہ سالانہ میں آپ کی شمولیت کی منتظر
دیا طاہرہ بکر
صدر لجنہ إماء اللہ یو ایس اے

# جلسہ کا نقشہ: لیول 1

## بچوں کی جلسہ گاہ

5 ں





- Entrances
- CJG Areas
- Main JG Areas

# جلسہ کا نقشہ: لیول 2

## مین جلسہ گاہ

براہ کرم اپنی وہیل چیئر اور واکر لائیں۔



# اہم معلومات

## حاضری نگرانی

**جلسہ سالانہ 2025 کیلئے والنٹیئر کریں**
لجنہ کیلئے لنک
ناصرات کیلئے لنک
لجنہ اور ناصرات اپنی مقامی صدر سے بھی جلسہ ڈیوٹی کیلئے رابطہ کر سکتی ہیں۔

## ٹرانسپورٹیشن (ذرائع آمد و رفت)

جلسہ سالانہ کیلئے اپنے سفر کی تیاری کیلئے
**jalsasalana.us/transportation**
پر جا کر معلومات حاصل کریں

## رجسٹریشن

براہ کرم جلدی پہنچنے کی کوشش کریں تاکہ لمبی قطاروں سے بچ سکیں

اپنی جماعت کا آئی ڈی بیج ساتھ لیکر آئیں تاکہ انتظار نہ کرنا پڑے۔

**براہ کرم آن لائن جا کر رجسٹر کریں**
**https://jalsasalana.us/registration**
نوٹ: گھر کے تمام افراد بشمول چھوٹے بچے، بزرگ اور بیرون ملک سے آئے ہوئے مہمانوں کو رجسٹر کرنا ضروری ہے۔

**اگر آپ کے مستقل ممبر کارڈ پر آپ کی تصویر نہیں ہے تو درج ذیل ویب سائٹ پر جائیں**
https://www.ahmadiyya.us/members/tajneed-membership

## ضیافت ایریا

**بچوں کی ضیافت**: بچوں کی جلسہ گاہ کی ضیافت پہلی منزل پر ان کی جلسہ گاہ کے نزدیک ہو گی۔

**سٹرولر**: سٹرولر والی ماؤں کیلئے ضیافت کا انتظام سٹرولر ایریا میں ہو گا۔

**ینگ لجنہ**: ینگ لجنہ کو ان کیلئے مخصوص ایریا میں کھانا دیا جائے گا۔

**وہیل چیئر**: وہیل چیئر والی خواتین کی ضیافت گرین ایریا کے قریب ہو گی۔


**لجنہ ضیافت ایریا**: مین ضیافت ایریا دوسری منزل پر لجنہ کی جلسہ گاہ کے قریب ہو گا۔

**فنڈریزنگ**: فنڈریزنگ میں مخصوص اشیاء فروخت کیلئے ہوں گی۔

**ناشتہ**:
ناشتہ: جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو ناشتہ اوپر والی منزل پر ہوگا۔
دن اور أوقات: جمعہ، ہفتہ اور اتوار 8 سے 9:45 تک
نوٹ: ناشتہ جلسہ پروگرام شروع ہونے سے پندرہ منٹ پہلے بند کر دیا جائے گا۔

# Booths

| | |
|---|---|
| 1 | بک سٹور |
| 2 | صنعت و دستکاری |
| 3 | ہیومینٹی فرسٹ |
| 4 | حاضری نگرانی |
| 5 | الوصیت |
| 6 | مہمان نوازی |
| 7 | انفارمیشن |
| 8 | ابتدائی طبی امداد۔ معائنہ روم |
| 9 | ہومیو پیتھی |
| 10 | احمدیہ مسلم ویمن ایسوسی ایشن |
| 11 | امورِ طالبات |
| 12 | PAAMA |
| 13 | ریویو آف ریلجنز |
| 14 | تجنید |
| 15 | نو مبائعات |
| 16 | تقویٰ۔الفرقان |



# جلسہ پروگرام

## ہفتہ کی صبح - لجناء

| Time | Description |
| --- | --- |
| **10:00 AM** | Tilawat (Recitation) of The Holy Qur'an & English Translation<br>*Alimat Abdulazeez* |
| **10:15 AM** | Nazm (Urdu Poem) & English Translation<br>*Rahmatullahi Afblarin* |
| **10:30 AM** | Way of the Seekers: Striving for High Moral Values<br>*Nadia Ahmad* |
| **10:55 AM** | The Deceptions in Modern Societies: What is the Ideal Society<br>*Attiya Zafar* |
| **11:15 AM** | The Best Model of Leadership: Khalifat-e-Ahmadiyya<br>*Fareha Hameed* |
| **11:40 AM** | Consider the Service of Faith as a Blessing from God<br>*Fizza Nasir* |
| **12:00 PM** | Awards & Acknowledgements |
| **12:30 PM** | Nazm |
| **1:00 PM** | Announcements |
| **1:15 PM** | Adhan – Salāt-uz-Zuhr & Salāt-ul-`Asr |
| **1:30 PM** | Lunch |

# جلسہ پروگرام

## ہفتہ کی دوپہر - لجنا۔

| Time | Description |
| --- | --- |
| **4:00 PM** | Tilawat (Recitation) of The Holy Qur'an & English Translation<br>*Iqra Asghar* |
| **4:10 PM** | Nazm (Urdu Poem) & English Translation<br>*Mubashira Khan* |
| **4:20 PM** | A Journey of Spiritual Awakening: Embracing Islam and Ahmadiyyat<br>*Durr-e-Sameen Prapulla* |
| **4:35 PM** | Strengthen Your Bond with the Promised Messiah a.s. through Wasiyyat<br>*Dr. Hiba Tul Waheed Ghani* |
| **5:15 PM** | Jalsa Salana: A Special Gathering<br>*Dhiya Tahira Bakr, National Sadr Lajna Ima'illah USA* |
| **5:30 PM** | Welcome New Members to Ahmadiyyat With Group Qaseedah<br>*Zayna Shams and Ismah Shams* |
| **5:50 PM** | Announcements |
| **6:00 PM** | Dinner |
| **8:36 PM** | Adhan – Salāt-ul-Maghrib & Salāt-ul-'Ishā' |

LAJNA IMA'ILLAH USA

75TH

JALSA SALANA USA

LOVE FOR ALL HATRED FOR NONE

جلسہ بلیٹن 2025